بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز ہفتہ 10 اپریل 2021ء 26 شعبان 1442ھ | شمارہ 285 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

چار دیواری کے اندر بھی کوئی محفوظ نہیں حالات خطرناک ہے

محمود خان اچکزئی

پشتون قوم کو ارگرد کے حالات کا ادراک کرتے ہوئے ہماری باتوں پر سنجیدگی سے غور کرنا ہوگا، تمام تر قدرتی وسائل کے باوجود ہمارے بچوں کی زندگیاں تلخ ہے، سربراہ پشتونخوا میپ

کرک کے عوامی اجتماعات میں یہاں کے عوام اور تمام پشتونوں کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ ہم تمام پشتونخوا وطن سے مشورہ لینا چاہتے ہیں گزشتہ چالیس سال سے لر و بر افغان میں جاری کشت وخون کو کیسے روکا جاسکتا ہے

کرک (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ اور پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے نائب صدر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون قوم کو ارگرد کے حالات کا ادراک کرتے ہوئے ہماری باتوں پر سنجیدگی سے غور کرنا ہوگا، چار دیواری کے اندر بھی کوئی محفوظ نہیں یہ حالات خطرناک ہے، تمام تر قدرتی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ملازمین کے تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے، سیاسی حلقے

پوری سرکاری مشینری ڈاواں ڈول ہے لیکن بلوچستان حکومت کو پرواہ تک نہیں

اوستہ محمد (آن لائن) بلوچستان ملازمین کے تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے، پوری سرکاری مشینری ڈاواں ڈول ہے لیکن بلوچستان حکومت کو پرواہ تک نہیں سیاسی سماجی حلقوں نے ملازمین کے حمایت کا مطالبہ کردیا، تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے سیاسی سماجی حلقوں نے بلوچستان کے آل

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کے لیے اپوزیشن کوئی چیلنج نہیں، کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی، شیخ رشید

آصف زرداری تاش چھاتی کے ساتھ لگا کر کھیل رہے ہیں، جہانگیر ترین کو انصاف ملے گا

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کے لیے اپوزیشن کوئی چیلنج نہیں اور ان کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی۔ آصف زرداری تاش چھاتی کے ساتھ لگا کر کھیل رہے ہیں، پیپلز پارٹی کی قیادت سمجھدار ہے۔ مسلم لیگ (ن) کو

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ہائیکورٹ کے ججز کا ملازمین کو دھرنا ختم کرنے کا حکم

حکومت کو احتجاجی ملازمین سے بامقصد مذاکرات کرنے اور ملازمین کے خلاف کسی بھی قسم کی کاروائی نہ کرنے کے احکامات جاری کردیئے

جو اساتذہ میٹرک کے امتحان کا بائیکاٹ ختم نہ کریں ان کو فارغ کیا جائے اگر میٹرک کے ایک بچے کا پرچہ ضائع ہوا تو اساتذہ جیل جائیں گے، جسٹس جمال مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کو دھرنا ختم اور حکومت کو احتجاج ملازمین سے بامقصد مذاکرات کرنے اور ملازمین کے خلاف کسی بھی قسم کی کاروائی نہ کرنے کے احکامات جاری کردیئے عدالت کا

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پورے کراچی کا سٹرکچر ہی بدل دیا، سپریم کورٹ

رہائشی زمین ڈیڑھ سو سال تک رہائشی ہی رہتی ہے، چیف جسٹس آف پاکستان

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ کے فاضل جج نے ریمارکس دیئے ہیں کہ رہائشی زمین ڈیڑھ سو سال تک رہائشی ہی رہتی ہے، پورے کراچی کا اسٹرکچر ہی بدل دیا، سارا کراچی ہی کمرشل ہوگیا باقی رہ کیا گیا؟ ایسا نہیں ہوسکتا کمیٹی کہہ دے اور آدھا

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور جرمنی کا دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور جرمنی نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے پر اتفاق کیا ہے۔ مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد سے جرمن

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیراعظم عمران خان نیا پاکستان ایپارٹمنٹس منصوبے کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

بلوچستان ہائیکورٹ کے احکامات، ملازمین کا 12 روز سے جاری دھرنا ختم کرنے کا اعلان

گلوبل پارٹنرشپ استانڈہ مستقل ہوگئی ہیں جس پر انہیں مبارکباد دیتے ہیں، اگر عید تک ہمارے مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو ایک بار پھر احتجاج کی کال دیں گے

حکومت کو مطالبات پیش کئے جنکے قبول نہ ہونے پر مجبوا کوئٹہ میں دھرنا دیا گیا ملازمین نے ڈٹ کر حکمرانوں کا مطالبہ کیا اور ڈٹے رہے، عبدالمالک کاکڑ، داد محمد بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس نے بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کے بعد 12 روز سے جاری دھرنا ختم کردیا تفصیلات کے مطابق جمعہ کی رات بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کے بعد بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس نے گزشتہ 12 روز سے کوئٹہ کے عبدالستار ایدھی چوک پر جاری دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردیا دھرنے کے اختتام کا اعلان کرتے ہوئے بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کے کنوینئر عبدالمالک کاکڑ، داد محمد بلوچ، حبیب الرحمٰن مردانزئی، عبدالسلام زہری، ماما سلام

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں



کراچی، سندھ حکومت کے ترجمان مرتضیٰ وہاب کا بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ملازمین کا احتجاج میٹرک کا پہلا پرچہ نہ ہوسکا

اندازے کے مطابق کوئٹہ کے صبح کی شفٹ میں 45 جبکہ شام کی شفٹ میں 60 فیصد سینٹرز میں پرچے ہوئے، یوسف بلوچ

آج اردو کا پرچہ معمول کے مطابق ہوگا جبکہ متاثر ہونیوالے پرچوں کے دوبارہ لینے کی تاریخ کا اعلان جلد ہی کیا جائیگا، چیئرمین بلوچستان بورڈ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کے احتجاج کے باعث میٹرک کے امتحانات متاثر کئی اضلاع میں پہلا پرچہ نہ ہوسکا، بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کا پرچے جاری رکھنے کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں میٹرک کے امتحانات کے سلسلے میں آرٹس گروپ کے صبح کے وقت ڈرائنگ اور شام کو لینگویجز کے پرچے ہونا تھے جو بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کے احتجاج کی وجہ سے نہیں ہوسکے کوئٹہ سمیت صوبے کے متعدد اضلاع

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شہید مساجد دوبارہ تعمیر ہونگے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

مساجد کے تقدس واحترام مسلمان پر لازم ہے جو مساجد پہلے سے موجود ہیں

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر اسفند یار کاکڑ سے تحفظ مساجد کمیٹی کے جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ صدر شیخ القرآن

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت بلوچستان نے رواں سال کے لئے گندم کی خریداری کی مقرر کردی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے رواں سال کے لئے گندم کی خریداری کی مقرر کردی، جمعہ

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اصغر مری ن لیگ کے سینئر نائب صدر بلوچستان منتخب نوٹیفکیشن جاری

سبی (نمائندہ امروز) سیاسی وسماجی قبائلی معتبر سابق تحصیل ناظم مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر رہنماء میر اصغر خان مری صوبائی سینئر نائب

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مراد جمالی، غیرت کے نام پر شوہر نے فائرنگ کرکے اپنی بیوی کو قتل کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب غیرت کے نام پر شوہر نے فائرنگ کرکے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

منجھوشوری کے علاقے میں فائرنگ سے ایک شخص قتل ملزم فرار

تمبو (آن لائن) منجھوشوری کے علاقے میں فائرنگ سے ایک شخص قتل ملزم فرار پولیس کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان حکومت ناکام ہوچکی ہے، شمس مینگل

عوام سڑکوں پر احتجاج کرنے پر مجبور ہیں بلوچستان کے مسائل پی ایس پی ہی حل کرسکتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاک سرزمین پارٹی بلوچستان کے صدر میر شمس مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت ناکام ہوچکی ہے عوام سڑکوں پر احتجاج

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مری حکومت کی سیاسی معاشی پالیسیاں آئی ایم ایف بنا رہا ہے، مولانا واسع

ایک مرتبہ پھر بجلی بل بڑھانے کی تیاریاں ہورہی ہیں اور حکومت نے ائی ایم ایف کو یقین دہانی بھی کرادی ہے، رکن قومی اسمبلی

پی ڈی ایم ملک میں آئین کی بالادستی منتخب نمائندوں کو پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ ملک میں فوری عام الیکشن کے انعقاد اور اداروں کی الیکشن میں مداخلت کے خاتمے تک قائم رہے گی

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے خاتمے کی سوچ رکھنے والوں کو ہر صورت ناکامی کا سامنا کرنا پڑیگا پی ڈی ایم ملک میں آئین کی بالادستی منتخب نمائندوں کو پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ ملک میں فوری عام الیکشن کے انعقاد اور اداروں کی الیکشن میں مداخلت کے خاتمے تک قائم رہے گی۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو بیرونی قرضوں میں ڈبونے والوں کا حشر قوم بہت جلد دیکھی گی انہوں نے کہا کہ ملک

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جہانگیر ترین کا بیان حکومت کے خلاف چارج شیٹ ہے، رانا تنویر حسین

حکومتی پارٹی میں دراڑیں مکافات عمل ہے حکومت کو اپوزیشن سے زیادہ اپنی پارٹی سے خطرات پیدا ہوگئے ہیں

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی رانا تنویر حسین ایم این اے نے کہا ہے کہ حکومتی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کے تکون قیادت کی "علالت" کی اصل وجہ عدالت ہے، حافظ حسین احمد

مولانا کو ماموں بنانیوالے دو بچوں نے آخرکار پی ڈی ایم کو بے حال کرکے بھی اس کے نمائشی صدر کا حال تک نہیں پوچھا، رہنماء جے یو آئی پاکستان

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی اصل تکون لیڈر مولانا فضل الرحمٰن، نواز شریف اور مریم نواز کی علالت کی اصل وجہ عدالت ہے، چپ کا روزہ "اُن" کے سامنے "سرنڈر" کرنے کا واضح پیغام ہے۔ وہ جمعہ کو اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں میڈیا کے نمائندوں اور مختلف وفود سے گفتگو کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی تکون قیادت اپنی ناگفتہ بہ علالت اور اس کی آڑ میں عیادت کے بہانے چند کاروباری افراد کے ذریعہ "اُن" سے اپنے اپنے معاملات طے کرنے کی کوشش کررہے ہیں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مینگر ووز دنیا کا سب سے منفرد ایکوسسٹم بنانے کا موجب بنتے ہیں، نیول چیف

پاکستان میں 0.6 ملین ایکڑ مینگر ووز ایکوسسٹم موجود ہے جو کہ سندھ اور بلوچستان کی ساحلی پٹی پر پھیلا ہوا ہے

کراچی (این این آئی) مینگر ووز دنیا کا سب سے منفرد ایکوسسٹم بنانے کا موجب بنتے ہیں اور زمین کو کٹاؤ سے بچانے اور ساحلی علاقوں میں سمندری پانی کے دخل کو محدود کرنے سمیت کئی فوائد پہنچاتے ہیں۔ چونکہ مینگر ووز کھارے پانی اور ساحلی علاقوں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی اور اے این پی نے پی ڈی ایم کی پیٹ میں چھرا گھونپ دیا ہے، مولانا حیدری

ہمیں لوگوں نے پہلے کہا کہ پیپلز پارٹی پر بھروسہ نہیں کی جاسکتا مگر اس کے باوجود ہم چاہ رہے تھے کہ پیپلز پارٹی کے قائدین کا اعتمادہ ہے، رہنماء جے یو آئی

پیپلز پارٹی اور اے این پی نے بہت ہی کم قیمت میں اپنا سودا کیا ہے قوم انہیں کبھی معاف نہیں کریگی، جو پارٹیاں ایک آگے چل کر دو قدم پیچھے موڑتے ہیں وہ پی ڈی ایم کے ساتھ نہیں چل سکتے ہیں

قلات (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے سیکریٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور اے این پی نے پی ڈی ایم کی پیٹ میں چھرا گھونپ دیا ہے پیپلز پارٹی اور اے این پی نے بہت ہی کم قیمت میں اپنا سودا کیا ہے قوم انہیں کبھی معاف نہیں کریگی میرے خیال میں اس صریح خلاف ورزی پر پی ڈی ایم میں پیپلز پارٹی اور اے این پی کے لیئے کوئی گنجائش بظاہر نہیں رہتی پی ڈی ایم سے پوری قوم کی توقعات وابستہ ہیں اور قوم کے مسائل لیکر پی ڈی ایم آگے بڑھ رہی ہیں لوگ ہمیں کہتے تھے کہ پیپلز پارٹی پر بھروسہ نہیں مگر اس

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، سولجر بازار کے گھر میں دھماکا، 7 افراد جھلس گئے

کراچی (این این آئی) کراچی شرقی کے علاقے سولجر بازار میں ایک گھر میں دھماکے کے نتیجے میں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین پریس کلب (رجسٹرڈ) نزد مچان ہائی سکول پشین کا اعلامیہ

پشین (روح اللہ کاکڑ) پشین پریس کلب (رجسٹرڈ) نزد مچان ہائی سکول پشین کے ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پشین پریس کلب کی جانب سے جاری کردہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیشنل پارٹی بیانیہ جمہوریت کے قیام کا ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

آغا گل کے ناولوں اور افسانوں میں بلوچستان کی سیاسی معاشی وسماجی حالات کی بہترین منظر کشی ملتی ہے

ان کی نیشنل پارٹی میں شمولیت نیشنل پارٹی کی سیاسی جمہوری قومی فلسفہ کی کامیابی ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی موجودگی میں معروف دانشور مصنف آغا گل کی نیشنل

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاک بحریہ نے مینگر ووز اگاؤ مہم 2021 شروع کردی

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے مینگر ووز

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بنوں میں ٹی ٹی ڈی کی کارروائی، ٹارگٹ کلر مارا گیا، دو ساتھی فرار

بنوں (این این آئی) بنوں میں ٹارگٹ کلرز کی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پولیس کی بھرتیاں میرٹ پر ہونگی، اختر حیات

کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی کسی قسم کی سفارش قبول نہیں کی جائیگی

اوتھل (رپورٹ، شفیق احمد چنا) چیئرمین سلیکشن کمیٹی ڈی آئی جی گوادر اختر حیات نے کہا کہ پولیس کی بھرتیاں میرٹ پر ہونگی کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی کسی قسم کی سفارش قبول نہیں کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیس لائن اوتھل میں

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کا عاصم احمد کو چیئرمین ایف بی آر تعینات کرنے کا فیصلہ

وفاقی کابینہ نے عاصم احمد کو چیئرمین ایف بی آر تعینات کرنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے عاصم احمد کو وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین کے طور پر تعینات کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ نجی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، وفاقی وزیر خارجہ شیخ رشید احمد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے ہیں

ایسے کنٹریکٹ ملازمین کو فارغ کیا جائے جنکی خدمات کی ضرورت نہیں، بلوچستان ہائیکورٹ

جامعہ بلوچستان کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی ریونیو بڑھانے گھوسٹ ملازمین کی حاضری کو یقینی بنانے کے کے احکامات جاری کردیئے

وائس چانسلر غیر ضروری اخراجات کو کم کرنے کے لئے فوری اقدامات اٹھائیں جبکہ رجسٹرار اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی گاڑی یا ایندھن ایسے شخص کو جاری نہ کئے جائیں، ہائیکورٹ کے احکامات

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے جامعہ بلوچستان کے ملازمین اور پنشنرز کو فوری طور پر تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کے احکامات دیتے ہوئے کہا ہے کہ جامعہ بلوچستان کی انتظامیہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے رابطے اور اپنے وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے ریونیو بڑھانے کے اقدامات اٹھائے ساتھ ہی جامعہ کے گھوسٹ ملازمین کی حاضری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ غیر

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو لیویز ہیڈ کوارٹر آمد پر مہمانوں کی کتاب پر اپنے تاثرات درج کررہے ہیں

وزیراعظم سے حافظ طاہر اشرفی کی ملاقات، بین المذاہب ہم آہنگی کی رپورٹ پیش کی

مسلمان ممالک سے تمام شعبوں میں تعلقات بہتر کرنا ترجیح ہے، عمران خان کی ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قرض سے متعلق عمران کا دعویٰ غلط ہے، پرویز رشید

عمران خان نے جو قرض لیے وہ کون کھا گیا، اس سوال کا جواب ملنا چاہیے، لیگی رہنما کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وباء کے دوران گھریلو خواتین پر تشدد کے عنصر میں اضافہ ہوا ہے، مہ جبین شیران

خواتین کی عزت واحترام کرکے ہی ہم ایک اچھے معاشرے کو جنم اور ترقی کی حقیقی راہ پر گامزن ہوسکتے ہیں، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری

عورت کو معاشرے میں عزت واحترام چاہیئے خواتین کو زندگی کے ہر شعبے میں آگے بڑھنے کیلئے حکومت سمیت تمام افراد اور اداروں کو سپورٹ کرنیکی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی پارلیمانی سیکریٹری برائے وومن ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان مہ جبین شیران نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی وباء کے دوران گھریلو خواتین پر تشدد کے عنصر میں اضافہ ہوا ہے خواتین کی عزت واحترام کرکے ہی ہم ایک اچھے معاشرے کو جنم اور ترقی کی حقیقی راہ پر گامزن ہوسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈوکیسی اینڈ سوشل ایڈوانسمنٹ سوسائٹی پاکستان اساس پی کے کی جانب سے پاکستان پاورٹی ایلیوی ایشن فنڈ پی اے ایف کے تعاون سے منعقدہ ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار کا موضوع

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی سے ڈاکٹر سمن ساجد ملاقات کررہی ہیں

شادمان ٹاؤن کراچی میں خاتون کی خودکشی میں نیا موڑ سامنے آگیا

میری بہن کو پی سی او کے مالک اور اس کے دوستوں نے تنگ کیا، مقدمے کا متن

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے شادمان ٹاؤن میں خاتون کی خودکشی کے واقعے میں نیا موڑ سامنے آگیا ہے۔ ابتدائی طور پر خودکشی کی وجہ

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبے میں کورونا وبا نے ایک اور ڈاکٹر کی جان لے لی

پشاور (این این آئی) صوبے میں کورونا وبا نے ایک اور ڈاکٹر کی جان لے لی۔ رونشل ڈاکٹرز ایسوسی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک کے تمام ویکسی نیشن سینٹرز جمعہ کو بند رہے، اتوار کو کھلے رہیں گے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے احکامات کے مطابق ملک

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آئندہ مالی سال کیلئے ٹیکس آمدن کا تخمینی ہدف 60 کھرب ہوگا

بجلی 5.65 روپے یونٹ مہنگی 600 ارب اضافی ٹیکس لگیں گے، جائزہ رپورٹ

کراچی (این این آئی) آئی ایم ایف نے مالی سال 2021-22 کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کا تخمینی بجٹ ہدف تقریبا 60 کھرب روپے بتایا

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شہداء کی قربانیاں اور جدوجہد ہمارے لئے مشعل راہ ہے، اصغر اچکزئی

ایک لمحے کو بھی اپنے فرائض سے غفلت نہیں کریں گے ہمیشہ حق کا پرچم بلند رکھیں گے اور اپنے عوام کے حقیقی ترجمانی کرتے رہیں گے

اسد خان اچکزئی شہید ایک باکردار خوددار سیاسی کارکن تھے شب و روز غریبوں محنت کشوں کے حقوق کیلئے لڑتے رہے، صوبائی صدر اے این پی

چمن (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں اور جدوجہد ہمارے لئے مشعل راہ ہے ایک لمحے کو بھی اپنے فرائض سے غفلت نہیں کریں گے ہمیشہ حق کا پرچم بلند رکھیں گے اور اپنے عوام کے حقیقی ترجمانی کرتے رہیں گے چاہے کسی کو اچھا لگے یا برا ہم نہ تو اپنے حقوق سے دستبردار ہوں گے اور نہ ہی حقوق کی جدوجہد ترک کریں گے، شہید اسد خان اچکزئی کی شہادت ناقابل تلافی نقصان ہے مگر ان کی شہادت سے ہمیں نیا حوصلہ ملا ہے ہمیں اس راستے پر فخر ہے۔ ان

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

کرپشن سے ہر ادارہ تباہ ہو رہا، حکومت ان طلباء کی کوٹہ بحال کرے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء سیٹیں کم نہیں بلکہ بڑھائی جائیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ حکومت اداروں اور صحت کے اداروں کو تباہ کر رہی ہے، طلباء کے ہاتھ میں قلم ہونا چاہئے تھا آج وہ احتجاج کر رہے، حکومت طلبا پر رحم کرے، ہم طلباء کے شانا بشانا کھڑے ہیں۔

بقیہ 9

وہاب نے محکموں کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی۔

بقیہ 10

کورٹ رجسٹری کے عملے کے پاس جمع کرائی گئیں۔ درخواستوں میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ کئی سال پہلے کے ایم سی اور کے ڈی اے نے گھر لیز پر دیئے تھے، تجاوزات کی آڑ میں لیز مکانات بھی توڑے جا رہے ہیں۔ درخواستوں میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ لیز مکانات توڑنے سے قبل متبادل جگہ اور معاوضہ دینے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 11

312 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 105 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس بیماری سے 2 ہزار 390 مریض شفایاب ہو گئے، جبکہ مثبت کیسز آنے کی شرح 9 اعشاریہ 66 فیصد ہو گئی۔ ملک بھر میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 15 ہزار 229 ہو گئی ہے، کُل مریضوں کی تعداد 7 لاکھ 10 ہزار 829 ہو چکی ہے۔ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے مزید 49 ہزار 948 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کُل 1 کروڑ 6 لاکھ 39 ہزار 825 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے کُل 69 ہزار 811 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 4 ہزار 116 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، 6 لاکھ 25 ہزار 789 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دوسرے صوبوں سے زیادہ 2 لاکھ 67 ہزار 970 ہو چکی ہے، کُل اموات 4 ہزار 521 ہو گئیں۔ تیسری لہر کے دوران پنجاب میں کورونا وائرس کے کیسز میں تیزی سے اضافہ جاری ہے، جہاں اب تک 2 لاکھ 43 ہزار 295 مریض سامنے آئے ہیں، یہاں کُل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 6 ہزار 851 ہو گئیں۔ خیبر پختون خوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 96 ہزار 128 ہو چکی ہے، اس سے کُل اموات 2 ہزار 553 ہو گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 64 ہزار 173 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، اب تک یہاں کُل 597 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں 20 ہزار 97 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 213 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 14 ہزار 69 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، اس کے باعث اب تک یہاں کُل 391 مریض وفات پا چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں 5 ہزار 97 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں اس سے اب تک 103 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

بقیہ 12

موقع پر وفاقی وزیر مذہبی امور نور الحق قادری نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کی کاوشوں کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم یونیورسٹی میں مسجد بنانے کا رشتہ روحانی رشتہ ہے، متحدہ عرب امارات کے ساتھ محبتوں اور دوستی کا رشتہ قائم رہے گا۔ صحافی نے وفاقی وزیر نور الحق قادری سے سوال کیا کہ تحریک لبیک سے 20 اپریل کے حوالے کوئی بات چیت چل رہی ہے، جس پر وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اُن کو ساتھ پارلیمنٹ میں لانے کی بات ہوئی ہے اور انشاءاللہ پارلیمنٹ میں لائیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئین نے پاکستان کو تحفظ کیا ہے، آئین میں تبدیلی کا اختیار پارلیمنٹ کے پاس موجود ہے۔ متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید الزابی کا مسجد کی افتتاحی تقریب میں کہنا تھا کہ ان کی طرف سے تعاون کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔

بقیہ 13

حقانی حافظ سردار محمد اختر سالار مولانا نور محمد جے ٹی آئی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری حافظ محمد موسیٰ اور دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام رمضان المبارک کے مہینہ کے تقدس پامال کرنے کی اجازت نہیں دے گی، ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی عذاب کے اسباب ہیں، حکومت کرونا سے متاثرہ اور غریب افراد کے ساتھ مالی تعاون کرے انہوں نے کہا کہ عوام الناس ماہ مقدس میں مساجد اور مدارس سے مظبوط تعلق پیدا کرکے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے علماء کرام سے رہنمائی حاصل کریں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نے علماء کرام سے بھی اپیل کی ہے عوام الناس اور نوجوانوں کو رمضان احترام کو ترغیب دیں انہوں نے کہا احترام رمضان کا خیال رکھنا ہر پاکستانی مسلم اور غیر مسلم کی ذمہ داری ہے کیوں کہ رمضان وہ مقدس مہینہ ہے جس کو سال کے دوسرے مہینوں پر فضیلت اور فوقیت حاصل ہے۔ اس میں شیاطین کو قید کر دیا جاتا ہے۔ ہر نیکی کا ثواب 70 گنا ہو جاتا ہے، دعا کی قبولیت بڑھ جاتی ہے اس ماہ میں اللہ اپنے بندوں کی مغفرت فرماتے ہیں، بہت سے ایسے جہنمیوں کو آزاد کرتے ہیں جن پر دوزخ واجب ہو چکی ہوتی ہے یہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن لوگوں کی ہدایت کے لئے نازل کیا گیا ہے دریں اثنا جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے وفد نے دارالعلوم حقانیہ کے استاد مولانا دین محمد کے جواں سال صاحبزادے کی شہادت پر شیخ الحدیث مولانا عبدالظاہر حقانی سے تعزیت کی

بقیہ 16

ہمگائی بے روزگاری اور بدعنوانی نے غریب عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہو ں نے کہا کہ ماہ رمضان کا آغاز ہونے والا ہے ہم سب کو چاہئے کہ ہم اپنے آس پاس رہنے والے لوگوں کا بھی خاص خیال رکھیں اور کورونا وائرس کی وجہ سے جو لوگ بے روزگار ہوئے ہیں ان کے گھروں کے چولہوں کو کسی بھی قیمت پر ٹھنڈا نہ ہونے دیں ہم سب کو چاہئے کہ خاموشی کے ساتھ ایسے لوگوں کی رات کے اندھیرے میں جا کر مدد کریں جو کہ کسی کے بھی آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے ہیں۔ انہو ں نے کہا کہ اقربا پروری، بدعنوانی اور مہنگائی نے عوام کا جینا حرام کر دیا ہے کورونا وائرس کی وجہ سے کمزور طبقات کا براحال ہے۔ حکومت چھوٹے دکانداروں، تاجروں، نجی سکولز، نجی ملازمت کرنے والوں، کسانوں کیلئے خصوصی امدادی پیکیج کا اعلان کرے۔

بقیہ 17

انتخاب میں شکست یقینی ہے حکومت نے اگر انتخابات میں مداخلت نہیں کی تو مسلم لیگ (ن) کے بھاری اکثریت سے کامیاب ہونے کے ساتھ ساتھ مخالفین کی ضمانتیں بھی ضبط ہو جائیں گی انہوں نے کہا کہ یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ حکومت نے پہلے بھی ضمنی انتخاب میں مداخلت اور دھاندلی کی اور اب ایک بار پھر حکومت کی کوشش ہوگی کہ وہ بھرپور انداز میں مداخلت کرے لیکن یہاں ذمہ داری الیکشن کمیشن، ریٹرننگ افسر اور انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے کہ وہ صاف، شفاف انتخاب کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوام کے دلوں میں بسنے والی جماعت ہے جسے کسی بھی صورت شکست دینا یا عوام کے دلوں سے نکالنا ممکن نہیں ہے حکومت اپنے ہتھکنڈوں سے باز رہے اور عوامی رائے کو تسلیم کرے۔

بقیہ 18

گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے، متاثرہ مریضوں کو طبی امداد کی فراہمی اور لاک ڈاؤن کے اثرات کی زد میں آنے والوں کو ریلیف دینے کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے ہیں اور غیر جانبدار حلقے بھی حکومت کی ستائش کر رہے ہیں لیکن بدقسمتی سے اپوزیشن اپنی سیاست کی وجہ سے اسے تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں۔ اگر اپوزیشن مشکل کی اس گھڑی میں ''میں نہ مانوں'' کا بیانیہ چھوڑ دے تو ہم اس وبا سے بہتر انداز میں نمٹ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اللہ کی ذات کو حاضر ناظر جان کر بتائے کیا حکومت نے عوام کی جانیں اور کمزور طبقات کو مالی مشکلات سے بچانے کیلئے بروقت اور درست اقدامات نہیں کیے؟۔

بقیہ 19

کریگا، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس مظاہر علی نقوی بینچ میں شامل ہیں، سپریم کورٹ نے وکلاء کے چیمبر کے گرانے کا حکم دیا تھا اسلام آباد بار نے عدالتی فیصلہ کے خلاف نظر ثانی درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ 20

امیدوار نوشین افتخار کے درمیان کانٹے کا مقابلہ متوقع ہے۔ اس سے قبل ہونے والے ضمنی انتخاب میں قواعد وضوابط کی بڑے پیمانے پر خلاف ورزی کے بعد حلقے میں دوبارہ پولنگ کا فیصلہ کیا گیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے این اے 75 کے الیکشن کیلئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے اور ذمہ دار افسران کی جانب سے وقفے وقفے سے اجلاس منعقد کئے جا رہے ہیں۔ غیر ملکی نشریاتی ادارے کے مطابق پولنگ کے دوران فرائض سر انجام دینے والے الیکشن کمیشن کے عملے سے غیر جانبدار رہنے کے لئے حلف بھی لیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی ہدایات پر انتظامیہ نے حلقے میں انتخابی عمل کو پر امن بنانے کے لئے سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں ،سکیورٹی کے لئے پولیس کے ساتھ رینجرز کی خدمات بھی حاصل کی گئی ہیں۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق مذکورہ حلقے میں ہونے والے ضمنی انتخاب کے نتائج غیر معمولی اہمیت کے حامل ہوں گے اور تحریک انصاف اور مسلم لیگ (ن) اس حلقے سے آنے والے نتائج پر اپنی آئندہ کی سیاست کریں گی۔

بقیہ 21

بات چیئرمین بک سلیکشن کمیٹی اصغر ندیم سید کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں بتائی گئی۔ اجلاس میں ڈی جی پبلک لائبریری عائشہ سعید نے ایجنڈا پیش کیا۔ اجلاس میں انچارج ایکوزیشن سیکشن فروا تقی لائبریرین، ڈاکٹر تحسین فراقی، محمد بوٹا نجم ڈپٹی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، چیف لائبریرین عبدالغفور اور لائبریرین عبدالرحیم نے شرکت کی۔ بک سلیکشن کمیٹی اور لائبریری ایکسپرٹ کمیٹی کی مشترکہ ہدایت پر پبلشرز اور بک سیلرز نے کتابوں کے سٹال قائداعظم لائبریری میں لگائے۔ بک سلیکشن کمیٹی اور لائبریری ایکسپرٹ کمیٹی نے کتابوں کا انتخاب کیا اور اس بات کا خاص خیال رکھا گیا کہ لائبریری قارئین لئے تازہ ترین کتب کا انتخاب عمل میں لایا جائے۔ بک سیلرز اور پبلشرز نے تقریباً تمام مضامین کی کتابوں کے سٹال لگائے۔ بک سلیکشن کمیٹی اور لائبریری ایکسپرٹ کمیٹی نے قارئین کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ملکی اور بین الاقوامی کتب اور رسائل و جرائد واخبارات کا انتخاب کیا۔ لہٰذا کمیٹی کی جانب سے کتابوں اور رسائل وجرائد کی خریداری کی منظوری بھی اسی وقت دے دی گئی۔ مس فروا تقی لائبریری/ ایکوزیشن انچارج نے کمیٹی ممبران کو کتابوں کے انتخاب میں معاونت کی۔

بقیہ 22

گرین کو کامیاب بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہو گا۔ انہوں نے یہ بات کمیٹی روم میں کلین اینڈ گرین پروگرام کے حوالے منعقدہ خصوصی اجلاس کی صدار ت کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر ظہیر حسن، اے ڈی سی آر عائشہ غضنفر، اسسٹنٹ کمشنر زسیدہ تہنیت بخار ی، عرفان مارٹن، ڈویژنل فارسٹ آفیسر عظیم ظفر ہی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد خالد و دیگر افسران اس موقع پر موجود تھے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ظہیر حسن نے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رخسانہ نوید کو صحت، ایجوکیشن، زراعت آبپاشی و دیگر محکموں کی کارکردگی کے ساتھ اور صحیح راہ کا حصہ بنیں گے۔ ڈاکٹر ثمینہ تسلیم زہرا، ڈی جی این آئی ایم کراچی نے تربیتی کورسز کی نمایاں خصوصیات جن میں سندھ کے لینڈ ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرنا، انفارمیشن ٹکنالوجی کی جدید تکنیک، مواصلات کی مہارت اور قومی و بین الاقوامی مفادات کے شعبے شامل ہیں تفصیلی طور پر بتایا۔

بقیہ 23

جا چکے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے ضیاء ٹاؤن میں مہندی کی تقریب پر چھاپا مارا، تقریب میں 200 سے زائد افراد بغیر ماسک کے شریک تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے کورونا ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 6 افراد کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ 24

لیا۔ پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز الیکشن سیل کی خود نگرانی کریں گے۔ الیکشن سیل کے ذریعے ضمنی الیکشن کے حوالے سے شکایات اور قانونی معاملات پر فوری کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 25

ادراک ہے جن کے ازالہ کیلئے متعلقہ اداروے متحرک ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہو ں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں عوامی بھلائی کے ترقیاتی و فلاحی منصوبوں پر عملدرآمد کیا جارہا ہے جس سے نہ صرف بنیادی سہولتوں سے متعلق عوامی ضروریات پوری ہونگی بلکہ شہری ترقی کو نئی جہت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ''کوئی بھوکا نہ سوئے'' کہ فلاحی پروگرام کا دائرہ وسیع کیا جارہا ہے جبکہ پناہ گاہوں میں بے گھر افراد کے قیام وطعام کا بھی خصوصی خیال کیا جارہا ہے اس سلسلے میں رمضان المبارک میں سحری و افطاری کا بندوبست بھی کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوگ اپوزیشن کے منفی پراپیگنڈہ پر کان نہ دھریں بلکہ کرپشن کے خاتمے اور سٹے بازوں کے قلع قمع اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں۔

بقیہ 26

پارٹی کیلئے بے پناہ خدمات ہیں اور انہوں نے یہی کہا میں تحریک انصاف سے انصاف کا متقاضی ہوں، انصاف ہماری پارٹی کا نام بھی ہے اور ہمارا منشور بھی ہے اس لیے اسے بلاتفریق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ جہانگیر ترین سے سیاسی انتقام لیا جارہا ہے، سندھ میں بیشتر شوگر ملز آصف زرداری اور ان کے گروپ کی ہیں، پنجاب میں اکثر ملز نواز شریف، شہباز شریف اور ان کے اتحادیوں کی ہیں، اگر چینی کے معاملے میں کوئی گڑبڑ ہے تو میرے خیال میں ان لوگوں کا جہانگیر ترین سے زیادہ اہم کردار ہوگا، ان لوگوں کے خلاف جب کچھ ہوتا ہوا نظر نہیں آتا تو لوگ سوچنے پر بھی مجبور ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہانگیر ترین سے کسی کو کوئی خطرہ نہیں ہے، وہ تحریک انصاف میں ہیں اور رہیں گے، اگر ان کے خلاف کچھ غلط ہو رہا ہے تو وہ عدالت گئے ہیں اور وہ بھی یہی چاہتے ہیں کہ انصاف ہو اور ہوتا ہوا نظر بھی آئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاقی کابینہ میں سیاسی، نظریاتی اور کارپوریٹ سیکٹر کے پروفیشنلز بھی ہیں اور ہر کسی نے اپنی اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی ہوتی ہیں، ہم جیسے دیہی ثقافت کی نمائندگی کرنے والے اور دیگر لوگوں کا کارپوریٹ سیکٹر کے لوگوں سے مختلف معاملات پر اختلاف رائے رہتا ہے، بدقسمتی سے ہم چونکہ دیہی پس منظر کے لوگ ہیں اس لیے ہماری آواز اس طرح نہیں سنی جاتی جس طرح کاروباری طبقے کی سنی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ میں پالیسیاں عوام کے لیے بنتی ہیں تاہم کارپوریٹ سیکٹر کی پالیسی حاوی ہوجاتی ہے جس کا وزیر اعظم کو بھی ادراک ہے۔ حکومت کی کارکردگی اور مہنگائی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ڈھائی سال میں وزیر اعظم عمران خان نے کافی کچھ سیکھا ہے، ان کی سوچ میں بھی تبدیلی آئی اور اب بدلا ہوا وزیر اعظم اور بدلی ہوئی کابینہ نظر آئے گی، ہم غلطیاں دور کر کے اپنی اصلاح کریں گے اور بہتر پالیسیاں لاکر عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کریں گے۔ احتساب کے عمل سے متعلق انہوں نے کہا کہ احتساب بلا امتیاز ہو رہا ہے، میں خود نیب کے ریڈار میں ہوں، کابینہ کے دیگر موجودہ اراکین کے خلاف انکوائری ہو رہی ہے، ہمارے دو وزرا علیم خان اور سبطین خان جیل گئے۔

بقیہ 27

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کورس کے شرکاء جو مختلف سول سروسز گروپس سے وابستہ ہیں کو لازمی تربیت کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ متعدد چیلنجوں سے قطع نظر، سول افسران کی صلاحیتوں کو بڑھانے اور ان کے عمومی انتظام کے فرائض کو موثر اور موثر انداز میں نبھانے میں تربیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے افسران کو کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں میں NIM میں سیکھی ہوئی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے میں پرعزم رہیں۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ بہتر طور پر عوامی خدمت کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے دفتر کے کام کرنے والے ماحول کو بہتر بنائیں تاکہ عوام خدمت کو زیادہ سے زیادہ پروقار بنایا جاسکے۔ عمران اسماعیل نے کہا کہ موجودہ حکومت کو بدعنوان یوسیدہ نظام میراث میں ملا تھا اور اس جمود کو توڑنا آسان نہیں تھا، لیکن حکومت نے ثبت تبدیلی لانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے جس کے ثمرات نظر آنا شروع ہو گئے ہیں اور قوم اس فرق کو ضرور تسلیم کرے گی۔ وزیر اعظم عمران خان ملک وقوم کی ترقی کی کوششوں میں معروف عمل ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ حکومت کو بیوروکریٹس کا ملک کی ترقی میں اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ آپ ہر طرح کی بدعنوانی اور رکاوٹوں کو ختم کر کے قوم اور ملک کی ترقی میں ایک راست اور صحیح راہ کا حصہ بنیں گے۔ ڈاکٹر ثمینہ تسلیم زہرا، ڈی جی این آئی ایم کراچی نے تربیتی کورسز کی نمایاں خصوصیات جن میں سندھ کے لینڈ ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرنا، انفارمیشن ٹکنالوجی کی جدید تکنیک، مواصلات کی مہارت اور قومی و بین الاقوامی مفادات کے شعبے شامل ہیں تفصیلی طور پر بتایا۔

بقیہ 28

شاہ حسینی بھی موجود تھے۔ انھوں نے کہا کہ ضلع بھل مگسی میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروارہے ہیں اور مزید منصوبوں پر فنڈز جلد جاری ہونگے انھوں نے کہا خاص کر کے تحصیل گنداواہ میں ترقیاتی کاموں پر کام جاری ہے جس میں ٹراما سنٹر، اسکولوں کی نئی بلڈنگ، صحت، تعلیم اور خاص کر کے گنداواہ شہر میں گرلز کالج پر کام شروع ہوا ہے ان ترقیاتی کاموں سے عوام کو بڑا فائدہ حاصل ہوگا جس سے استفادہ حاصل کر سکیں اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی جھل مگسی کے ضلعی جنرل سیکرٹری میر اسلم خان مگسی نے گنداواہ شہر کے مختلف مسلوں سے آگاہ کیا جس میں بجلی، پانی کے بارے میں تفصیلی بات کی صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق خان مگسی نے کہا کہ بہت جلد گنداواہ شہر میں 132 کیوی گریڈ اسٹیشن منظور کروا کر بہت جلد کام شروع کیا جائے گا انھوں نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے غریب عوام کی خدمت سے دلی سکون ملتا ہے اپنے حلقے کے عوام کی معیاری زندگی کو مزید سنوارنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں تا کہ عوام کی زندگی مزید سہل بنائی جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ گنداواہ ٹو نوتال روڈ کا معائنہ میں خود کر رہا ہوں اور اسی راستے سے میں گزر رہا ہوں روڈ کا کام بہتر اور معیاری کام ہو رہے ہیں۔ اب ان کی تکمیل کو ہر صورت یقینی بنا رہے ہیں۔ جس سے عوام کو سفر کرنے میں آسانی ہوگی انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پورے اضلاع میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے اب بلوچستان ترقی کی راہ گامزن ہو چکا ہے انھوں نے کہا کہ بیروزگاری کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں اور نوجوانوں کو میرٹ پر سینکڑوں افراد کو بھرتی کیے ہیں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جارہی ہے انھوں نے کہا کہ گنداواہ کی عوام کیلئے پانی پینے کیلئے چار بورنگ کا ترقیاتی کام جاری ہے بہت جلد کام مکمل کر کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل ہو جائے گا انھوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ جہانگیر ترین سے سیاسی انتقام لیا جارہا ہے، سندھ میں بیشتر شوگر ملز آصف زرداری اور ان کے گروپ کی ہیں، پنجاب میں اکثر ملز نواز شریف، شہباز شریف اور ان کے اتحادیوں کی ہیں، اگر چینی کے معاملے میں کوئی گڑبڑ ہے تو میرے خیال میں ان لوگوں کا جہانگیر ترین سے زیادہ اہم کردار ہوگا، ان لوگوں کے خلاف جب کچھ ہوتا ہوا نظر نہیں آتا تو لوگ سوچنے پر بھی مجبور ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہانگیر ترین سے کسی کو کوئی خطرہ نہیں ہے، وہ تحریک انصاف میں ہیں اور رہیں گے، اگر ان کے خلاف کچھ غلط ہو رہا ہے تو وہ عدالت گئے ہیں اور وہ بھی یہی چاہتے ہیں کہ انصاف ہو اور ہوتا ہوا نظر بھی آئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاقی کابینہ میں سیاسی، نظریاتی اور کارپوریٹ سیکٹر کے پروفیشنلز بھی ہیں اور ہر کسی نے اپنی اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی ہوتی ہیں، ہم جیسے دیہی ثقافت کی نمائندگی کرنے والے اور دیگر لوگوں کا کارپوریٹ سیکٹر کے لوگوں سے مختلف معاملات پر اختلاف رائے رہتا ہے، بدقسمتی سے ہم چونکہ دیہی پس منظر کے لوگ ہیں اس لیے ہماری آواز اس طرح نہیں سنی جاتی جس طرح کاروباری طبقے کی سنی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ میں پالیسیاں عوام کے لیے بنتی ہیں تاہم کارپوریٹ سیکٹر کی پالیسی حاوی ہوجاتی ہے جس کا وزیر اعظم کو بھی ادراک ہے۔ حکومت کی کارکردگی اور مہنگائی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ڈھائی سال میں وزیر اعظم عمران خان نے کافی کچھ سیکھا ہے، ان کی سوچ میں بھی تبدیلی آئی اور اب بدلا ہوا وزیر اعظم اور بدلی ہوئی کابینہ نظر آئے گی، ہم غلطیاں دور کر کے اپنی اصلاح کریں گے اور بہتر پالیسیاں لاکر عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کریں گے۔ احتساب کے عمل سے متعلق انہوں نے کہا کہ احتساب بلا امتیاز ہو رہا ہے، میں خود نیب کے ریڈار میں ہوں، کابینہ کے دیگر موجودہ اراکین کے خلاف انکوائری ہو رہی ہے، ہمارے دو وزرا علیم خان اور سبطین خان جیل گئے۔

بقیہ 29

سمیت نکاسی آب کے مسائل شہری حکومت نہ ہونے اور بدعنوانی وحکومت کی نااہلی کی وجہ سے ہے ۔حکومت صوبائی دارالحکومت کے مسائل فی الفور حل کرتے ہوئے کوئٹہ کی ترقی کیلئے خصوصی پیکیج کا اعلان کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کی اپنی وصوبہ بھر کی آبادی تعلیم صحت اور روزگار کیلئے کوئٹہ آنے پر مجبور ہیں لیکن کوئٹہ میں نہ صحت کی بہترین سہولیات ہیں اور نہ ہی تعلیم کی بدقسمتی سے روزگار بھی برائے فروخت ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں کامیاب ہونیوالے ممبران اسمبلی بھی کوئٹہ کے مسائل پر خاموش خواب غفلت کا شکار ہے سیاسی پارٹیوں نے بھی صوبائی دارالحکومت کے مسائل سے روگردانی کی ہے جماعت اسلامی نے ہر وقت ہمیشہ کوئٹہ کے مسائل کو اجاگر کرنے اور اس کے حل کیلئے ہر فورم پر بھرپور آواز بلند کیا ہے۔ نواکلی بائی پاس روڈ، سریاب روڈ تو سیمی منصوبہ، کچلاک سمیت شہر کے اندر گلیوں نالیوں برساتی نالوں صفائی وٹریفک مسائل کو ترجیح دیکر اسے حل کرنے کیلئے فوری قابل عمل منصوبہ بنائیں صرف وعدوں واعلانات کا دور گزر گیا اب عملی کام کی ضرورت ہے۔

بقیہ 30

کالج کے اسٹور کیپر امیدواروں کا کہنا ہے کہ ہم نے باذریعہ ڈی سی ایس اپنا ڈاکومنٹ جمع کیئے اور کوئٹہ میں ٹیسٹ دیا تو وہاں ہم 6 چچہ بندوں کے نام تھے اور ان 6 بندوں نے انٹرویو دیا بلکہ بعد میں بتایا گیا ہے کہ صرف ایک امیدوار سلیکٹ ہوگا لیکن اس محکمے نے میرٹ کا دھجیاں اڑا کر انٹرویو اور ٹیسٹ میں حصہ نہ لینے والے شخص کو سلیکٹ کیا جسے ہمیں شدید تشویش ہے امیدواروں نے احکام بالا سے پرزور سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ دوبارہ میرٹ پر انٹرویو لے کر امیدواروں کو بھرتی کیا جائے

بقیہ 31

بدحالی نے غریب آدمی کو ذہنی کرب اور آزمائشوں میں مبتلا کر رکھا ہے حتیٰ کہ بہت سے گھروں کے چولہے تک بجھ چکے ہیں وہ المدنی ویلفیئر ٹرسٹ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ مساجد کو کھولنا خوش آئند اقدام ہے مساجد کمیٹیاں اور ایمہ مساجد میں احتیاطی تدابیر پر عمل کرانے کے مکمل ذمہ دار و پابند ہیں انہوں نے المدنی ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے مستحقین میں رمضان گفٹ کی تیاری کے معاملات کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ رمضان المبارک کا بابرکت اور نیکیوں کے موسم بہار کا مہینہ آنے والا ہے اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ماہ رمضان کی بہاروں کو بھرپور لوٹنا نصیب فرمائے۔

بقیہ 32

ترکی، علامہ عبدالخالق فریدی، علامہ علی کرار نقوی، علامہ سید سجاد شبیر رضوی، علامہ اطہر مشہدی، علامہ نثار احمد قلندری، مطلوب اعوان قادری سمیت مختلف مکاتب فکر کے علماء مشائخ نے مرکزی سیکریٹریٹ گلشن اقبال میں خطاب کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ رمضان آرڈیننس پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں 20 فیصد کمی کی جائے۔ ذخیرہ اندوزوں، گراں فروشوں کو گرفتار کر کے سخت سزائیں دی جائیں۔ سحر و افطار اور نماز تراویح کے اوقات میں لوڈ شیڈنگ، پانی و گیس کی قلت کے خاتمے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔ الیکٹرانک میڈیا پر غیر اسلامی واخلاق باختہ پروگرامز اور گستاخی رسول کے مرتکب فرانسیسی مصنوعات کے اشتہارات پر مکمل پابندی لگائی جائے۔ فحش وعریانی کے اڈوں، سینما گھروں، نائٹ کلبوں، جوئے سٹے کے اڈوں پر پابندی لگائی جائے۔ عوام خصوصاً سیاستدان اجتماعی توبہ و استغفار اور عبادات پر زیادہ زور دیں اور اصلاح احوال اور ملکی امن واستحکام کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ علماء نے مدارس، مساجد، امام بارگاہوں کو سرکاری تحویل میں لئے جانے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایف اے ٹی ایف کی ہدایت پر دینی اداروں پر قابو پانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ مساجد، امام بارگاہیں ودینی مدارس لاوارث وکمزور نہیں ہیں۔ ایف اے ٹی ایف کی ہر سطح پر مخالفت کریں گے۔ حکومت دینی معاملات میں بیجا مداخلت سے باز رہے اور عدل وانصاف و امن کے قیام، دہشت گردی، فرقہ واریت، مہنگائی کے خاتمے اور عوام کو بنیادی حقوق کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے، عوام رمضان میں صبر وتحمل اور ایس او پیز پر عمل اور اتحاد کی فضا برقرار رکھیں۔ سیمینار میں فلسطین، کشمیر کے مظلوم مسلمانوں اور افواج پاکستان سے یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ مولانا انتظار الحق تھانوی نے ملکی امن واستحکام کیلئے خصوصی دعا کرائی۔ سیمینار سے علامہ نقضی خان رحمانی، علامہ شوکت مغل، علامہ عبداللہ جونا گڑھی، مولانا علی المرتضیٰ، اسلم خان فاروقی، یاسر حسین، حافظ گل نواز، کمال امروہوی، قاری حسین رحمانی، رانا محمد ارشد محمدی، مولانا یونس صدیقی ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 33

بار کے زیر اہتمام ''بنیادی حقوق اور آئین'' کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سپریم کورٹ کے جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ کسی بھی اسکول میں آئین پاکستان پڑھایا جاتا ہے، امریکا کے اسکولوں میں آئین سکھایا جاتا تھا تاکہ کم عمر سے ہی طلبا کو آئین کا معلوم ہو۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ اسلام نے مزدوروں کے تحفظ پر خصوصی زور دیا ہے، مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے قبل اس کو اس کا معاوضہ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا آئین اور اسلام بالکل ساتھ ساتھ چل رہے ہیں، گھر کی رازداری کے حوالے سے بھی کئی آیات اور احادیث ہیں، بدگمانی سے بھی بچنا چاہیے اور ایک دوسرے سے حسد اور بغض نہیں کرنا چاہیے۔ اس تقریب کے موقع پر جسٹس

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز ہفتہ 10 اپریل 2021ء

افریقی ملک موزمبیق میں داعش نے 12 غیر ملکیوں کے سر قلم کر دیئے

پالما (این این آئی) افریقی ملک موزمبیق کے علاقے پالما میں 12 افراد جو ممکنہ طور پر غیر ملکی ہیں، کا سر قلم کر دیا گیا جس کی داعش نے ذمہ داری قبول کر لی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کمانڈر پیڈرو ڈاسلوانے 60 ارب ڈالر کے قدرتی گیس منصوبوں کے قریب شہر کا دورہ کرنے والے صحافیوں کو بتایا کہ وہ 12 افراد کی قومیت کے بارے میں یقین سے نہیں کہہ سکتے تاہم ان کا خیال ہے کہ وہ سفید فام ہونے کی وجہ سے غیر ملکی ہیں۔ ٹیلی ویژن چینل پر نشر کی گئی ان کی ایک ویڈیو میں ان کا کہنا تھا کہ ان کے ہاتھ اور پیر باندھ ان کا

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایرانی تجربہ گرین میزائل پابندیوں کے لیے موساد چیف کا دورہ امریکا

یوسی کوہن ایرانی سرگرمیوں کے بارے میں امریکی حکام کو شواہد پیش کریں گے اور یہ بتائیں گے کہ ایران اپنے جوہری پروگرام سے متعلق معلومات کو چھپا رہا ہے، ذرائع

موساد چیف یوسی کوہن خطے میں ایران کی فوجی سرگرمیوں سے متعلق انٹیلی جنس فائل کے ساتھ ساتھ تہران کے فوجی جوہری منصوبے سے متعلق پیشرفت پر بھی بات چیت کریں گے

تہران (این این آئی) ایرانی جوہری معاہدے پر امریکا کی واپسی کے بارے میں اسرائیلی انتہائات جاری ہیں۔ اسی تناظر میں اسرائیلی انٹیلی جنس سروس 'موساد کے سربراہ یوسی کوہن آنے والے دنوں میں ایک سرکاری وفد کے ساتھ امریکا پہنچیں گے۔ یوسی کوہن ایرانی سرگرمیوں کے بارے میں امریکی حکام کو شواہد پیش کریں گے اور یہ بتائیں گے کہ ایران اپنے جوہری پروگرام سے متعلق معلومات کو چھپا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق موساد چیف یوسی کوہن خطے میں ایران کی فوجی سرگرمیوں سے متعلق انٹیلی جنس فائل کے ساتھ ساتھ تہران کے فوجی جوہری منصوبے سے متعلق پیشرفت پر بھی بات چیت کریں گے۔ امریکا میں موساد کے سربراہ کے ایجنڈے میں ایران کو مکمل طور پر یورینیم کی افزودگی سے روکنا، جدید سنٹری فیوجز کی تیاری کو روکنا اور بلا استثنیٰ تمام ایٹمی تنصیبات عالمی توانائی ایجنسی آئی اے ای اے کے معائنے کے لیے کھلوانا ہے۔ توقع ہے کہ شام، عراق اور یمن میں ایرانی پوزیشن اور سرگرمی کو روکنے، ایران کو دنیا بھر میں

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی آئرلینڈ میں پولیس پر پیٹرول بموں اور پتھروں سے حملے

ایک ہفتے سے جاری فسادات میں 55 اہلکار زخمی، پولیس پر حملہ کرنیوالوں میں بچے بھی شامل

برطانیہ نواز گروہ اور قوم پرستوں کے درمیان لڑائی پر قابو پانے کی کوششیں تاحال ناکام ہے

لندن (این این آئی) برطانیہ نواز گروہ اور قوم پرستوں کے درمیان لڑائی پر قابو پانے کی کوششیں تاحال ناکام ہے۔ شمالی آئرلینڈ میں صورتحال بے قابو ہوگئی، جلاؤ گھیراؤ، پولیس پر پیٹرول بموں اور پتھروں سے حملے کیے گئے۔ خبر ایجنسی کے مطابق ایک ہفتے سے جاری فسادات میں زخمی اہلکاروں کی تعداد 55 ہوگئی۔ پولیس پر حملہ کرنیوالوں میں بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس اہلکاروں نے مظاہرین پر پانی کی توپیں چلا کر جواب دیا۔ برطانیہ نواز گروہ اور قوم پرستوں کے درمیان لڑائی پر قابو پانے کی کوششیں تاحال ناکام ہے۔ برطانوی وزیراعظم

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دلبندین، میر علی محمد سے پیپلز پارٹی کے کاظم بلوچ، اجمل نوتیزی اور محمد آصف نوتیزئی ملاقات کر رہے ہیں

رن آؤٹ پر مصباح کے بغیر عمرہ پر روانہ ہونیوالوں کو دس ہزار ریال جرمانہ کی سزا

سدایا کے تعاون سے اعتمر نا اور توکلنا ایپس کے نئے ایڈیشن جاری کر دیے گئے، سعودی وزارت حج وعمرہ

المسجد الحرام میں اجازت نامے کے بغیر داخل ہونے کی کوشش کرنے پر ایک ہزار ریال جرمانہ کیا جائے گا

ریاض (این این آئی) وزارت داخلہ نے خبردار کیا ہے کہ عمرے کے لیے اجازت نامے کے بغیر حرم شریف جانے والے پر دس ہزار ریال جرمانہ ہوگا۔ دوسری جانب وزارت حج وعمرہ نے کہا ہے کہ سدایا کے تعاون سے اعتمر نا اور توکلنا ایپس کے نئے ایڈیشن جاری کر دیے گئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت داخلہ کے عہدیدار نے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ المسجد الحرام، اس کے صحنوں، مطاف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی سمیت تمام مقامات پر کرونا وبا کو پھیلنے سے روکنے کے لیے حد سے زیادہ رش کو کنٹرول کرنے کی خاطر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، جمعیت علماء اسلام تحصیل چمن کے زیر اہتمام احترام رمضان کے سلسلے میں نکالی گئی ریلی کی قیادت تحصیل امیر مولانا روزی خان کر رہے ہیں

میانمار کے چھ ارکان پارلیمنٹ بھارت میں پناہ لینے کا انکشاف

میانمار میں برطرف حکومت کی نمائندگی کرنے والی ایک تنظیم سی آر پی ایچ کمیٹی کے ایک مشیر نے بتایا کہ میانمار کے کم از کم چھ اراکین پارلیمان نے بھارت میں پناہ لے رکھی ہے

فروری کے اواخر کے بعد سے اب تک میانمار سے تقریباً اٹھارہ سو افراد سرحد پار کر کے بھارت میں داخل ہوئے ہیں اور ان میں سے بیشتر نے شمال مشرقی ریاست میزورم میں پناہ لے رکھی ہے، پولیس آفیسر

نئی دہلی/ ینگون (این این آئی) ایک بھارتی پولیس افسر نے میانمار کے چھ ارکان پارلیمان کی بھارت میں موجودگی کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ یہ چھ ہیں، جو فروری کے اواخر سے میانمار سے بھاگ کر بھارت پہنچے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میانمار میں فوجی زیادتیوں سے بچنے کے لیے صرف عام لوگ اور پولیس اہلکار ہی نہیں بلکہ وہاں کے ممبران پارلیمان بھی ملک سے بھاگ رہے ہیں۔ میانمار سے بھاگ کر بھارت آنے والے بیشتر لوگوں نے شمال مشرقی ریاست میزورم میں پناہ لے رکھی ہے۔ میانمار میں برطرف حکومت کی نمائندگی کرنے والی ایک تنظیم سی آر پی ایچ کمیٹی کے ایک مشیر نے بتایا کہ میانمار کے کم از کم چھ اراکین پارلیمان نے بھارت میں پناہ لے رکھی ہے۔ یہ لوگ فوجی بغاوت کے بعد فوجی جنتا کے ذریعہ گرفتار کر لیے جانے کے خوف کی وجہ سے اپنا ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ سی آر پی ایچ کے مشیر نے اپنا نام ظاہر نہیں کرنے کی شرط پر کہا کہ ان دنوں

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی ولی عہد کا شمسی توانائی سے چلنے والے سکا کا پاور پلانٹ کے افتتاح کا اعلان

منصوبوں کی تکمیل سے چھ لاکھ گھروں کو بجلی مہیا، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 70 لاکھ ٹن کمی واقع ہوگی، خطاب

توانائی کی مارکیٹوں میں استحکام کے لیے اپنے قائدانہ کردار کے تسلسل کے طور پر ہم قابل تجدید توانائی کے شعبے میں بھی نمایاں کردار ادا کریں گے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے شمسی توانائی سے چلنے والے سکا کا آئی پی پی، پی وی پاور پلانٹ کے افتتاح کا اعلان کیا ہے۔ سعودی پریس ایجنسی کی اطلاع کے مطابق سکا کا مملکت کا قابل تجدید توانائی کا پہلا منصوبہ ہے۔ سعودی عرب نے شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی ہدایات کی روشنی میں قومی معیشت کی ترقی کے لیے بجلی کی پیداوار کے سات سمجھوتوں پر دست خط کیے۔ سکا کا پاور پلانٹ کا بھی ان کی ہدایات کی روشنی میں آغاز کیا جا رہا ہے۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے اس منصوبے کے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، ایس او پیز پر عمل نہ کرنے پر صدر کے علاقہ میں دکانیں سیل کی گئی ہیں

اسلام آباد، شہریار آفریدی بلوچستان اور فاٹا کے بھوک ہڑتال پر بیٹھے طلباء سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

حوثی باغی تدریسی کتب کو یمنی بچوں میں منافرت پھیلانے کے لیے استعمال کرنے لگے

اس مقصد کے لیے حوثیوں نے اسکول کی کتب میں منافرت آمیز اور گم راہ کن کم مواد شامل کیا، امیکٹ اسکول ایجوکیشن

صنعاء (این این آئی) یمن میں ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغی تعلیمی نظام کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ وہ بچوں میں منافرت پھیلانے کے لیے تدریسی کتب کو استعمال کر رہے ہیں اور اس مقصد کے لیے انھوں نے اسکول کی کتب میں منافرت آمیز اور گم راہ کن کم مواد شامل کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس بات کا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ماہ صیام سے قبل آخری جمعہ کے لیے حرم مکی میں نمازیوں کے لیے انتظامات

حرم مکی میں تمام نمازیوں اور معتمرین کے لیے نماز کی جگہوں، مطاف اور مسجد کے صحن میں زم زم کی بوتلیں تقسیم کی گئیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی صدارتِ عامہ برائے امور الحرمین الشریفین نے ماہ صیام کی آمد سے قبل جمع المبارک کے موقع پر نمازیوں اور زائرین کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدارتِ عامہ برائے امور الحرمین الشریفین کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ ماہ صیام کی آمد سے قبل جمعہ کو حرم

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ترک صدر سے ملاقات میں یورپی کمیشن کی سربراہ کی توہین کی ویڈیو جاری

اپنے دفتر سے کہا ہے وہ اس بات کو یقینی بنائے مستقبل میں اس قسم کے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں

برسلز (این این آئی) ایک ایسے وقت میں جب ترکی اور یورپی یونین کشیدگی میں کمی لانے کی کوشش میں ہیں ترکی میں صدر رجب طیب ایردوآن سے یورپی عہدیداروں کی ملاقات کے دوران ایک ایسا واقعہ سامنے آیا ہے جس نے افقرہ اور برسلز کے درمیان قربت پیدا کرنے کی کوششوں سے توجہ ہٹا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کا زیادہ عرصہ مریض رہنے والے افراد روزے نہ رکھیں، اماراتی ڈاکٹر

روزے سے صحت مند افراد کی کرونا وائرس سے مقابلے کے لیے قوتِ مدافعت میں اضافہ ہوگا، گفتگو

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں نظام تنفس کے امراض کے ماہر ایک ڈاکٹر نے کووڈ 19 کی علامات کا زیادہ عرصہ شکار رہنے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مصر میں اخوان مسلمون کے اہم رہنما کو شدت پسندی کے الزام میں عمر قید کی سزا

قاہرہ (این این آئی) مصر کی مذہبی سیاسی جماعت اخوان المسلمون کے اہم رہنما محمود عزت کو عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مصری عدالت نے گزشتہ روز محمود عزت کو شدت پسندی کے الزام کے تحت یہ سزا سنائی۔

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ سے معمولی حد تک بیمار افراد کو بھی طویل المعیاد اثرات کا سامنا

سٹاک ہوم (این این آئی) کورونا وائرس سے ہونے والی بیماری کووڈ 19 سے معمولی حد تک بیمار ہونے والے ہر 10 میں سے ایک مریض کو صحتیابی کے بعد طویل المعیاد بنیادوں پر کم از کم ایک معتدل یا سنگین علامت کا سامنا ہوتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات سویڈن میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ کیرولینسکا انسٹیٹیوٹ اور وہ ایک نیوز کانفرنس میں گفتگو کر رہے تھے۔ ان سے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا، ڈپریشن کا شکار بھائیوں نے پورے خاندان کو قتل کر کے خودکشی کر لی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں دو بنگلہ دیشی نژاد بھائیوں نے شدید ڈپریشن کے باعث اپنے گھر کے تمام افراد کو قتل کر کے خودکشی کر لی، سنسنی خیز واقعے نے پورے علاقے کو ہلا کر رکھ دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق بنگلہ دیشی نژاد خاندان چند سال قبل ہی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلم دیکھنے کے دوران شہری کی موت، سنیما مالکان کا انتظامات میں ناکامی کا اعتراف

لندن (این این آئی) برطانوی عدالت میں موٹر سائیز ڈ صوفہ سیٹ میں پھنس کر شہری کی ہلاکت کیس میں سینما مالکان نے تھیٹر میں ناکام حفاظتی انتظامات کا اعتراف کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق برمنگھم کے کران کورٹ میں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دبئی حکومت کی رمضان میں نمازیوں کیلئے خصوصی ہدایات جاری کر دی گئیں

دبئی (این این آئی) دبئی میں رمضان المبارک کے دوران مساجد میں نماز کی ادائیگی کے لیے خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دبئی حکومت کی جانب سے جاری ہدایت نامے میں کہا گیا ہے کہ شہری رمضان المبارک کے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میلکھن نے ہیری کو، ولیم اور کیٹ سے دور کیا، شاہی مصنف

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اداکارہ، دی ڈچز آف سسیکس میگھن مارکل سے متعلق شاہی مصنف

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا نے انسانی اسمگلنگ کا پاکستانی نیٹ ورک بے نقاب کر دیا

گرفتار افراد اور ان کی ایجنسی 2015 سے لاطینی امریکا کے ذریعے مختلف سفری راستے استعمال کر رہے تھے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے محکمہ خزانہ نے نوشہرہ کی ایک ٹریول ایجنسی کو ٹرانزیشنل کرمنل آرگنائزیشن (ٹی سی او) جبکہ اس کے سربراہ اور 3 ساتھیوں کو مجرمانہ سرگرمیوں کا سہولت کار قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس حوالے سے جاری کردہ بیان میں محکمہ آفس آف فارن ایسیٹس کنٹرول (او ایف اے سی) کا کہنا تھا کہ عابد علی

